2024-06-16

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں و کشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

2 نائب صدرجمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں نوتعمیرشدہ Prerna Sthal کا افتتاح کریں گے۔

3 ریلوے اگلے دو مہینوں میں وندے بھارت سلیپر کلاس ٹرین کو آزمائشی طور پر چلائے گا۔

4 بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج شمال مغرب وسطی اور مشرقی بھارت میں شدید گرمی کی لہر کیلئے اورینج اور ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5 ٹینس میں Sumit Nagal سخت مقابلے کے بعد جیت حاصل کرنے کے بعد Perugia چیلنجرکے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

6 اور ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں بھارت اور کینڈا کے درمیان میچ کل رات بارش کی وجہ سے منسوخ کردیاگیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

HM-HIGH LEVEL MEETING

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں و کشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اِس میٹنگ میں جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، قومی

سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، مرکزی داخلہ سکریٹری، فوج، پولیس، جموں و کشمیر کی انتظامیہ کے سینئر افسران شرکت کریں گے۔
جمعہ کو جناب شاہ نے نئی دلی میں وزارت داخلہ کے سینئر افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں جموں و کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا تھا۔

VP-PRERNA STHAL

نائب صدرجمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ آج شام پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں نوتعمیرشدہ Prerna Sthal کا افتتاح کریں گے۔لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا،راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہرونش نارائن سنگھ اور پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو بھی اس افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ راجیہ سبھا اور لوک سبھا کے سبھی ارکان کو بھی اس پروگرام میں مدعو کیاگیاہے۔
Prerna Sthal اس طریقے سے تعمیر کیاگیاہے تاکہ اہم شخصیتوں اور دیگر آنے والے مہمانوں کیلئے آسانی کو یقینی بنایا جاسکے جو پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس کے اندر ایک مقام پر عظیم لیڈروں اور مجاہدین آزادی کے مجسموں کو دیکھ سکیں گے اور انہیں خراج عقیدت پیش کرسکیں گے۔نئی ٹیکنالوجی کے ذریعے مہمانوں کیلئے ان عظیم شخصیتوں کے پیغامات اور ان کی زندگی کی داستانوں کو دستیاب کرانے کیلئے ایک ایکشن پلان تیار کیاگیاہے۔ تاکہ وہ اُن سے تحریک حاصل کرسکیں۔ افتتاحی پروگرام کے دوران Shilpattکی نقاب کشائی کے بعد آنے والی اہم شخصیتیں ان کے مجسموں پر گلہائے عقیدت نذر کریں گی۔

AGRI- SHIVRAJ

دیہی ترقی، زراعت اور کسانوں کے بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی ٗPM-Kisan Saman Nidhi اسکیم کے تحت وارانسی سے منگل کو 9 کروڑ تین لاکھ کسانوں کے کھاتے میں تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے منتقل کریں گے۔
نئی دلی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتیہوئے جناب چوہان نے کہا کہ گذشتہ 10 سال میں 11 کروڑ کسانوں کے کھاتوں میں اب تک 3 لاکھ کروڑ روپے منتقل کئے جاچکے ہیں۔

S/B- Shiraj Singh Chuhan

جناب چوہان نے کہا کہ انہوں نے منگل کو ہونے والی وزیراعظم کی تقریب میں شامل ہونے کیلئے تمام وزرائے اعلیٰ کو خطوط تحریر کئے ہیں۔
انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ دیہی ترقی، زراعت اور کسانوں کے بہبود کا عہدہ سنبھالنے کے بعد انہوں نے کسانوں کی فلاح و بہبود سے متعلق ہر اہم معاملے پر وزارت کے افسروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ہے اور اہم معاملوں کے کام پر بھی گفتگو کی ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ انہوں نے نئی حکومت کے 100 دنوں کے منصوبے کے تحت اپنی وزارت کے کام کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ انہوں نے ہر مسئلے کو سنجیدگی سے لیا ہے۔
MP- JAIL COLONY INAUGURATE
مدھیہ پردیش میں حکومت نے ایک کھلی جیل تعمیر کرکے قیدیوں کی بازآبادکاری کیلئے ایک نئی پہل شروع کی ہے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کل اجین میں اس کھلی جیل کالونی Bhairavgarh کا افتتاح کیا۔
VC- Sanjeev Sharma
کھلی جیل کا مطلب ہے ایک ایسی جیل جہاں قیدی اپنے کنبوں کے ساتھ رہ سکیں۔Bhairavgarh کھلی جیل میں بیس قیدی اپنے کنبوں کے ساتھ رہ کر ایک سماجی زندگی گزارسکیں گے اور سماج کے اصل دھارے میں شامل ہوسکیں گے۔ اجین کے Bhairavgarh کھلی جیل کو تین کروڑ 25 لاکھ روپے کی لاگت سے تیار کیاگیاہے۔ یہ ریاست میں آٹھویں کھلی جیل ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ڈاکٹرموہن یادو نے کہا کہ حکومت ریاست میں قیدیوں کو مکمل بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے تئیں پرعزم ہے۔
بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر
PM Smritivan Vnesco ُ
وزیراعظم نریندرمودی اور مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے گجرات کے بھُج میں بنے Smritivan ارتھ کوئیک میموریل میوزیم کا انتخاب، یونیسکو Prix Versailles میوزیمس 2024 کیلئے کئے جانے پرخوشی کا اظہار کیاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ کَچھ میں Smritivan دوہزار ایک میں آئے خوفناک زلزلے

میں ہوئے جانی نقصان کیلئے ایک خراج عقیدت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انسانی لچک کے ساتھ ساتھ ہمت کے تئیں عاجزانہ یاد بھی ہے۔

وزیرداخلہ امت شاہ نے بھی کہاکہ Smritivan کا انتخاب کئے جانے سے بھج کے زلزلے کی طرف بھی دنیا کی توجہ مرکوز ہوتی ہے۔انہوں نے بھارت کیلئے ایک یادگاری لمحے کے طورپر اس کارنامے کی تعریف کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ Prix Versailles میوزیمس 2024 کیلئے عالمی انتخاب میں Smritivan دنیا بھر میں جانی نقصان کی یادوں کی خوشبو پھیلائے گا۔

GOVT- THREE NEW LAWS

حکومت آج کولکتہ میں فوجداری نظام انصاف کے انتظامیہ میں بھارت کے ترقی پسندانہ قدم کے موضوع پر ایک کانفرنس کا اہتمام کرے گی۔ قانون اور انصاف کی وزارت نے کہا ہے کہ کانفرنس کا مقصد تین نئے فوجداری قوانین کی اہم خصوصیات کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ قوانین ہیں:

بھارتیہ نیائے سنہتا 2023، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ Sakshya ادھینیم 2023۔

گزشتہ سال دسمبر میں صدر جمہوریہ نے اِن تینوں قوانین کو منظوری دی تھی اور یہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے نافذ ہوجائیں گے۔ وزارت نے کہا ہے کہ گزشتہ دو مہینوں میں قانونی امور کے محکمے نے اِن نئے قوانین کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے نئی دلّی اور گواہاٹی میں دو بڑی کانفرنس کا اہتمام کیا ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

RAILWAY-VANDE BHARAT

ریلوے اگلے دو مہینوں میں آزمائشی طور پر وندے بھارت سلیپر کلاس ٹرین چلائے گا۔ فی الحال ریلوے صرف چیئرکار کے ساتھ ہی وندے بھارت ایکسپریس چلارہا ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلی میں کہا ہے کہ لوگوں کی طرف سے وندے

بھارت سلیپر ٹرین چلانے کے مطالبات آرہے ہیں۔ وندے بھارت ٹرین ملک میں تیار کی گئی پہلی ہائی اسپیڈ ٹرین ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اگلے پانچ برسوں میں حکومت ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور مسافروں کو آرام دہ سفر فراہم کرنے پر مزید توجہ مرکوز کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں 35 ہزار ریلوے ٹریکس بنائے گئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کم آمدنی والے گروپوں کو آرام دہ سفر فراہم کرنے پر حکومت کی توجہ کو بھی اُجاگر کیا۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ زیادہ امرت بھارت ٹرینیں بنانے پر کام جاری ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ گرمی کے موسم میں مسافروں کی اضافی تعداد کو قابو کرنے کیلئے بھارتی ریلوے نے تقریباً 20 ہزار خصوصی ٹرینیں چلائی ہیں جن میں تقریباً چار کروڑ مسافر سفر کریں گے۔

RAILWAY -LIMCA BOOK

بھارتی ریلوے کے مختلف مقامات پر عوامی خدمات سے متعلق ایک پروگرم میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد کے شرکت کرنے کیلئے بھارتی ریلوے نے Limca Book of World Record میں اپنا نام درج کرایا ہے۔

ریلوے کی وزارت نے اس سال 26 فروری کو ایک پروگرام منعقد کیا تھا، جس میں دو ہزار سے زیادہ مقامات پر 40 لاکھ 19 ہزار سے زیادہ لوگوں نے شرکت کی تھی۔ یہ پروگرام Road over Railway Bridges کے افتتاح اور وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے ریلوے اسٹیشنوں کا سنگِ بنیاد رکھنے کیلئے منعقد کیا گیا تھا۔

MIFF

ممبئی میں کل ایک شاندار افتتاحی تقریب کے دوران 18 ویں ممبئی انٹرنیشنل فلم فیسٹول کا افتتاح کیاگیا۔ دستاویزی،شارٹ فکشن اور اینیمیشن فلموں کیلئے ممبئی انٹرنیشنل فلم فیسٹول 2024 کا افتتاح اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل Murugan نے کیا۔ اس موقع پر مہاراشٹر کے ثقافتی امور کے وزیر سدھیر Mungantiwar، رندیپ Hooda، ابھیشیک بنرجی،Divyendu، مدھربھنڈارکر، آنند ایل رائے اور عادل حسین بھی موجود تھے۔

ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا کہ روزگار پیدا کرنے اور ترقی کو آگے لے جانے میں AVG سیکٹر کی بڑھتی ہوئی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت ممبئی میں AVG سیکٹر میں مہارت کیلئے جلد ایک سینٹر قائم کرے گی۔ وزیر موصوف نے Cinematograph کے قانون میں ترمیم کے ذریعے ملک میں Piracy یعنی قذاقی کو کنٹرول کرنے میں حکومت کی کوششوں پر زور دیا۔ اس موقع پر مشہور انعام یافتہ اور جنگلی حیات کے فلم ساز Subhiah Nallamuthu کو 2024 کیلئے دی شانتا رام لائٹ ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازاگیا۔

ؒElectronic Manufacturing

حکومت نے اگلے پانچ سال میں الیکٹرانک مینوفیکچرنگ سیکٹر میں تقریباً 50 لاکھ ملازمت فراہم کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ اعلیٰ ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ سردست الیکٹرانک مینوفیکچرنگ سیکٹر میں تقریباً 25 لاکھ افراد ملازمت کررہے ہیں اور اب مرکز اسے دوگنا کرنا چاہتا ہے۔

ذرائع نے بتایا کہ اگلے پانچ سال میں بھارت کے الیکٹرانک مینوفیکچرنگ سیکٹر کی مقدار کے دوگنا ہونے کا امکان ہے جو سردست تقریباً 130 ارب ڈالر ہے۔ نیز مرکز بھارت کو ایک الیکٹرانک مینوفیکچرنگ ہب بنانے کے ساتھ اس سیکٹر میں ملک کو خود کفیل بنانے پر توجہ مرکوز کررہا ہے۔

IMD-WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج شمال مغربی وسطی اور مشرقی بھارت کیلئے اورینج اور ریڈ الرٹ وارننگ جاری کیاہے۔IMD نے کہا کہ اگلے دو دن تک اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، بہار اور جھارکھنڈ کے حصوں میں شدید سے شدید ترگرمی کی صورتحال کا سلسلہ جاری رہے گا جبکہ اس مہینے کی 18 تاریخ تک ہماچل پردیش، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اتراکھنڈ میں یہی صورتحال برقرار رہے گی۔ البتہ ملک کے بقیہ حصوں کے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی اہم تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔

اس دوران IMD نے اگلے چھ دن کے دوران شمال مشرقی بھارت اور مغربی بنگال میں شدید سے شدید تر بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

اس نے اگلے چار دن کے دوران گوا،مہاراشٹر میں آندھی، طوفان،گرج چمک اور فی گھنٹہ 40 کلومیٹر کی رفتار سے غبار آلود ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے جبکہ جنوبی بھارت، کرناٹک، کیرالہ، لکشدیپ، آندھرا پردیش، تلنگانہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور انڈمان ونکوبار میں بھی اگلے پانچ دن تک یہی صورتحال برقرار رہے گی۔

TENNIS-PERUGIA CHALLENGER

ٹینس میں سمت ناگل کل اسپین کے Bernabe-Zapata Miralles میں ایک سخت مقابلہ جیتنے کے بعد Perugia چیلنجر کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔فائنل میں بھارت کے چوٹی کے درجے کے کھلاڑی سمت کا مقابلہ اٹلی کے Luciano Darderi یا جرمنی کے ڈینیل Altmaier سے ہوگا۔ 26 سالہ کھلاڑی کا فی الحال دنیا میں 77ویں مقام پر ہے۔انہوں نے ٹائی بریکر میں جیت حاصل کی۔ حالانکہ انہوں نے پہلے سیٹ میں سخت چیلنج کا سامنا کیاتھا۔جرمنی میں Helibronn چیلنجر کے شروع ہونے کے بعد سے ناگل کی یہ لگاتار نویں جیت ہے۔

اسی دوران ڈبلز کے فائنل میں این سری رام بالاجی اور ان کے جرمن ساتھی کھلاڑی اینڈری Begemann کی جوڑی ارجنٹینا کے Guido Andreozzi اور میکسیکو کے Miguel Angel Reyes کی چوٹی کی جوڑی سے ہار گئی۔

T-20 WORLD CUP

مَردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں بھارت اور کناڈا کے درمیان میچ کَل رات بارش کی وجہ سے منسوخ کردیا گیا۔ اس طرح دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ حاصل ہوگیا۔ تاہم بھارت 7 پوائنٹ کے ساتھ اپنے گروپ میں سرفہرست ہے۔ اس کے بعد امریکہ کے 5 پوائنٹس ہیں جبکہ کناڈا ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا۔ دوسرے گروپA- سے بھارتی ٹیم نے سپر8- میں اپنی جگہ محفوظ کرلی ہے۔

کَل رات ایک اور میچ میں انگلینڈ نے Sir Vivian Richard اسٹیڈیم میں Duckwarth-Lewis Stern ضابطے کے تحت Namibia کو 41 رن سے ہرادیا۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے جی7- سربراہ اجلاس میں شرکت کے بعد وزیراعظم نریندر مودی کے وطن واپس آنے کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ جناب مودی نے اس موقع پر کئی ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کیں اور اٹلی کی وزیراعظم کے ساتھ بھارت-اٹلی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیراعظم نریندر مودی 18 جون کو وارانسی سے پی-ایم کسان ندھی کی 17ویں قسط جاری کریں گے۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اس بات کا اعلان زراعت، کسانوں کی بہبود اور دیہی ترقی کے مرکزی شیوراج سنگھ چوہان نے ایک پریس کانفرنس میں کیا۔

روزنامہ ملاپ نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے جموں وکشمیر کے دورے کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وزیر داخلہ وہاں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

جس میں جموں وکشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب نے حج کے رکن اعظم وقوفِ عرفہ کی ادائیگی کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ 20 لاکھ سے زیادہ حجاج کرام نے اس اہم فریضے کو بحسن وخوبی انجام دیا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے بھارتیہ فضائیہ کے سربراہ وویک رام چودھری کے ایک بیان کو اہمیت دی ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ گزرتے کل کی ذہنیت سے آنے والے کل کی جنگ نہیں جیتی جاسکتی۔ لہٰذا افسروں کو مختلف شعبوں میں ہنر سیکھنے پر زور دینا ہوگا۔ جبکہ روزنامہ راشٹریہ سہارا سمیت بیشتر اخبارات نے اتراکھنڈ کے دردناک حادثے میں کئی افراد کی جانیں تلف ہونے کی خبر پو توجہ مرکوز کی ہے۔ ایک ٹیمپو ٹریولر کے الکنندا ندی میں گرجانے سے یہ سانحہ پیش آیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں و کشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

2 نائب صدرجمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں نوتعمیرشدہ Prerna Sthal کا افتتاح کریں گے۔

3 ریلوے اگلے دو مہینوں میں وندے بھارت سلیپر کلاس ٹرین کو آزمائشی طور پر چلائے گا۔

4 بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج شمال مغرب وسطی اور مشرقی بھارت میں شدید گرمی کی لہر کیلئے اورینج اور ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5 ٹینس میں Sumit Nagal سخت مقابلے کے بعد جیت حاصل کرنے کے بعد Perugia چیلنجرکے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

6 اور ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں

بھارت اور کینڈا کے درمیان میچ کل رات بارش کی وجہ سے منسوخ کردیاگیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------